کے خلاف بھرپور حصہ لیا ہے۔ کتاب کا انداز بیان بھی علمی تحقیقی اور دلکش ہے۔ سوشلزم وکمیونزم کے مضرات اور اس کے بانیین کے متضاد اعتقادات کا بھرپور جائزہ لیا گیا ہے۔ وجود باری حدوث مادہ سوشلزم وکمیونزم کی معاشی تباہ کاریاں۔ تاریخ کمیونزم کارل مارکس وغیرہ اس قسم کے بیسیوں نفیس عنوانات پر کتاب مشتمل ہے۔

کتاب کی ترتیب میں نہایت عمدہ اور کارآمد مآخذ و مصادر کو رجوع کیا گیا ہے۔ باجوڑ کے علاوہ خیبر بازار پشاور سے بھی دستیاب ہے۔۔

(م۔ا۔ف)

## حکمت استخارہ

مؤلف مولانا فضل احمد عارف۔ ناشر۔ اقبال الدین احمد۔ احسن اکیڈمی۔ ۱ے ۲۲۰ جے نار مخف۔ ناظم آباد۔ کراچی ۳۳۔ کاغذ عمدہ۔ طباعت وجلدبندی معیاری۔ قیمت ۲۱ روپے۔

مقاصد کے حصول میں نگاہیں صرف اسباب پر مرکوز رکھنا خیرہ بختی کی علامت ہے۔ بلکہ اسباب کو اسباب کی حد تک اہمیت اور صرف مسبب الاسباب ہی کو محور مراد اور مدنظر رکھنا چاہئے۔

عہد رسالت اور عہد صحابہ سے لے کر آج تک استخارہ کی اہمیت وضرورت سے کسی کو انکار نہیں۔ چنانچہ فاضل مؤلف ارقام فرماتے ہیں۔ "استخارہ کرنے سے تعلق باللہ استوار ہوتا ہے۔ ایمان وایقان مضبوط ہوتے ہیں۔ ملکوتی صفات پیدا ہوتی ہیں۔ روحانی صلاحیتوں کو جلا ملتی ہے۔ رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہوتا ہے اور کامیابی وکامرانی کی راہیں کھل جاتی ہیں۔"

زیر تبصرہ کتاب مولانا فضل احمد عارف جن کو تصوف اور سیرت سے خاص شغف ہے۔ اور اس موضوع پر ان کی جولانیٔ قلم تقریباً درجن بھر کتابوں میں داد تحسین پا چکی ہے، کی تالیف ہے۔ حکمت استخارہ میں استخارہ کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے۔ اور ہر باب میں مختلف مفید اور معلومات افزا ذیلی عنوانات ہیں کتاب کی طباعت وکتابت۔ ترتیب وتزئین اور جلدبندی نہایت ہی عمدہ اور معیاری ہے۔۔

(م۔ا۔ف)

## ہم سنی کیوں ہیں؟ بجواب میں شیعہ کیوں ہوا؟

مؤلف۔ حافظ مہر محمد میانوالی۔ ناشر۔ مکتبہ عثمانیہ نوربادہ، اگوجرانوالہ۔ تھیے والی (میانوالی)۔ قیمت ۲۲/۵۰ روپے۔ مع پلاسٹک کور ۲۴ روپے۔

زیر تبصرہ کتاب ایک غالی رافضی عبدالکریم مشتاق کے رسالہ "میں شیعہ کیوں ہوا مع سنیوں پر سو سوال" کے جواب میں مولانا حافظ مہر محمد صاحب میانوالی نے لکھا ہے۔ مناظرانہ وسوقیانہ لب ولہجہ کی بجائے کتاب کا انداز بیان علمی اور تحقیقی ہے۔ سنجیدگی اور متانت کا دامن مؤلف نے حتی الامکان ہاتھ سے چھوٹنے نہیں دیا۔ شیعہ کتب کے حوالجات اور مصادر میں بھی نہایت حزم واحتیاط سے کام لیا ہے۔

کتاب صوری اور معنوی اعتبار سے قابل صد تحسین ہے۔ اس عمدہ کاوش اور اہلسنت والجماعت کی جانب سے مسکت دفاع پر مؤلف وناشر تبریک کے مستحق ہیں۔۔

(م۔ا۔ف)

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com